## 34839 ـ مجسمہ سازی کی حرمت

**سوال**

کئی قسم کی اغراض و مقاصد کے لیے مجسمہ سازی کا اسلام میں کیا حکم ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

حرام مقاصد و غرض میں سے کسی بھی غرض اور مقصد کے لیے مجسمہ سازی حرام ہے، چاہے یہ بادشاہوں اور فوج کے سربراہان اور قائدین اور وی آئی پی اور مصلح قسم کے افراد کے ہوں، یا پھر عقل و شجاعت کے نشان و علامت سمجھے جائیں، مثلا ابو الھول کا مجسمہ یا کسی اور کا مجسمہ ہو، یا کسی اور غرض کے لیے ہو؛ یہ سب برابر ہیں؛ کیونکہ اس کی ممانعت میں عمومی احادیث وارد ہیں.

اور اس لیے بھی کہ یہ شرك کا ذریعہ ہیں، جیسا کہ نوح علیہ السلام کی قوم میں ہوا تھا " انتہی.